Home Connection

عزیز والد والدہ/ سرپرست:

گریڈ نو میں زیر تعلیم آپ کے بچے / بچی نے آج امور صحت کی کلاس میں جنسی تشدد کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ طالب علموں نے، جنسی تشدد کی مختلف قسموں، جنسی تشدد سے بچاؤ کے طریقے، اور یہ کہ اگر وہ جنسی تشدد کا شکار ہیں تو اپنے لئے کیسے مدد طلب کر سکتے ہیں، جیسے معاملات پرعلم حاصل کیا ہے۔ جنسی تشدد میں جنسی زیادتی، محبت کی ملاقات کے دوران جنسی زیادتی، خونی رشتہ داروں کی طرف سے جنسی زیادتی، انٹر نیٹ کے ذریعے شکار بنانا، گروہ کی شکل میں جنسی زیادتی، اور جنسی زیادتی کیلئے نوجوان لڑکے لڑکیوں کا اغوا و فروخت شامل ہیں۔ تدریس میں جنسی تشدد پر زور دیا گیا نہ کہ اس بات پر کہ اس کا نشانہ بننے والے یا والی کی کوئی غلطی ہے۔ اس موضوع پراگلے سبق میں انٹر نیٹ سیفٹی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا، جس میں یہ موضوعات شامل ہیں؛ سوشل میڈیا کی ویب سائٹس کے استعمال، ذاتی معلومات کو محفوظ رکھنا، اور انٹر نیٹ پر شکار پھانسے والوں کے لبھانے کے طریقوں کے بارے میں رہنما اصول۔

فیئر فیکس کاؤنٹی میں جنسی زیادتی کیلئے نوجوان لڑکے لڑکیوں کے اغوا و فروخت کی بڑھتی تشویش۔ اس کاروبار میں ملوث افراد سوشل میڈیا کی ویب سائٹس اپنے مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، یا تووہ خود نوجوان لڑکے لڑکیوں کا روپ دھار لیتے ہیں یا پھر لڑکے لڑکیوں میں دلچسپی کا اظہار کرنے والے جوان بالغ بن جاتے ہیں تاکہ اپنے شکار کو پھانسنے کیلئے تعلقات قائم کر سکیں۔ جنسی زیادتی کیلئے اغوا و فروخت کرنے والے افراد شاپنگ پلازوں اور میٹرو اسٹیشنوں پر نوجوانوں کو بہلا پھنسلا رہے ہیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز بچوں کی جنسی زیادتی کی غرض سے خرید و فروخت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور والدین کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس بارے میں معلوماے کیلئے اس ویڈیو کو دیکھیں http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=af7668b7c92dc (دیگر زبانوں میں سب ٹائٹلز کے لئے نیچے دیے گئے لنکس پر ملاحظہ کریں) یا مزید معلومات کے لیئے Just Ask Prevention کی ویب سائٹ اس پتے پر ملاحظہ کریں http://www.justaskprevention.com۔ اگر آپ کو کسی ایسے فرد کے بارے میں معلوم ہے جسے فوری مدد کی ضرورت ہے تو نیشنل ہیومن ٹریفکنگ کی ہاٹ لائن 1-888-373-7888 پر کال کیجئے۔

ہم آپ پر زور دیتے ہیں کہ اپنے بچوں سے جنسی زیادتی کیلئے نوجوان لڑکے لڑکیوں کے اغوا و فروخت اور جنسی تشدد کی دیگر اقسام پر تبادلہ خیال کیجئے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ خط والدین / سرپرست اور انکے بچوں کے درمیان اس موضوع پر مکالمے کا آغاز ہو گا اور یہ جاری رہے گا کہ کسیے بچوں کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

طالب علموں کو محفوظ رکھنے کیلئے اسکول سے پارٹنرشپ اور غور و فکر کرنے پر آپ کا شکریہ ۔ آ پ اگر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ کو کسی بھی معاملے پر تشویش ہے تو براہِ مہربانی مجھ سے بلا جھجک رابطہ کیجئے۔

مخلص،

ٹیچر برائے امور صحت

والدین - دھوکہ (عربی) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=447a3df69435d

والدین - دھوکہ (ویتنامی)

http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=3fcbba946ee10

والدین - دھوکہ (کورین) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=520731b4fc1cb

والدین - دھوکہ (ہسپانوی) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=343e61b1f3f20